واحمداہ   وامصیبتاہ

بنتِ فاطمة در بدر پھرے		شہ کا سرکٹے رَن میں بے خطاء

بنت فاطمة در بدر پھرے

دیکھ کر جسے مِہر تک چُھپے		بے رداء کرے اے فلک اُسے
روح مصطفی جان مرتضی		بنت فاطمة در بدر پھرے

دردِ غم سے منھ سب اَٹا ہوا		لے کے بھائي کا سَر کٹا ہوا
شیرِ شام میں ہو کے بے رداء		بنت فاطمة در بدر پھرے

سَر پے شہ نہیں مجتبی نہیں		مرتضی نہیں مصطفی نہیں
ہو کے بے نوا ہو نہ کیوں بھلا		بنت فاطمة در بدر پھرے

زلزلے میں ہو کیوں نہ نینوا		کیوں نہ پھر ہِلے دشتِ کربلاء
ہائے فوج شام چھین لے رداء		بنت فاطمة در بدر پھرے

روئے شاہ کو دشت میں نبي		اور گلے ملے ہنس کے اُمّتي
پردے میں رہے ہند بے حیاء		بنت فاطمة در بدر پھرے

دَم گھٹا ہُوا دل پھٹا ہوا		گھر لٹا ہوا سر کھلا ہوا
چھرے پر مَلے خاکِ کربلاء		بنت فاطمة در بدر پھرے